السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص کا عقیدہ کہ قرآن مجید کے موجودہ تیس پاروں میں کوئی منسوخ الحکم آیت نہیں ہے اور وہ شخص قائلین نسخ کو ضال یا گمراہ بھی نہیں کہتا ہے اور ایک دوسرا شخص قرآن مجید کی بعض آیات کو بعض آیات سے منسوخ الحکم قرار دیتا ہے۔ اور نسخ قرآن کے نہ ماننے والے کو گمراہ اور ضال کہتا ہے۔ ان دونوں میں کون حق پر ہے۔ (ابو سعید عبد الرحمٰن۔ فرید کوٹی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی آیت مخصوصکو منسوخ کہنا منصوص امر نہیں ہے۔ بلکہ مفسر یا مترجم کا اپنا فہم ہے جو عند التعارض اس کو پیش آتا ہے۔ اس لئے کہ ممکن ہے جو تعارض کی وجہ سے ایک مفسر کسی ایت کو منسوخ کہے۔ دوسرا اس تعارض کو اور طرح سے رفع کرلے۔ شاہ ولی اللہ دہلوی نے فور الکبیر میں اس کے متعلق کافی روشنی ڈالی ہے۔ کوئی عالم صحیح معنوں میں قرآن کی آیت منسوخہ میں تطبیق دے سکے اور وہ تطبیق کسی دوسری آیت یا حدیث کے خلاف نہ ہو تو کوئی حرج نہیں بلکہ فعل ممدوح ہے۔ اس لئے نسخ کے بارے میں اتنا تشدد کرنا اچھا نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص222

محدث فتویٰ